در تحیر ماندہ اصحابِ رسول ٭ کز چہ می نالد ستون با عرض و طول
گفت پیغمبر چہ خواہی اے ستون ٭ گفت جانم از فراقت گشت خون
از فراق تو مرا چوں سوخت جاں ٭ چوں ننالم بے تو اے جانِ جہاں
مسندت من بودم از من تاختی ٭ بر سرِ منبر تو مسند ساختی
پس رسولش گفت اے نیکو درخت ٭ اے شدہ با سرِ تو ہمراز بخت
گر ہمی خواہی ترا نخلی کنند ٭ شرقی و غربی ز تو میوہ چیند
یا دراں عالم حقت سروے کند ٭ تا تر و تازہ بمانی تا ابد
گفت آں خواہم کہ دائم شد بقاش ٭ بشنو اے غافل کم از چوبے مباش

آں ستوں را دفن کرد اندر زمیں!
تا چو مردم حشر گردد یوم دیں

٭

(مولانا رومؒ)

Marfat.com

سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خواجہ دنیا و دیں گنجِ وفا　　صدر و بدرِ ہر دو عالم مصطفیٰ

آفتابِ شرع و دریائے یقین　　نورِ عالم رحمۃ للعالمین

خواجہ کونین و سلطانِ ہمہ　　آفتابِ جان و ایمانِ ہمہ

صاحبِ معراج و صدرِ کائنات　　سایۂ حق خواجۂ خورشید ذات

مہدیٔ اسلام و ہادیٔ سُبل　　مفتیٔ غیب و امامِ جزو و کل

ہر دو گیتی از وجودش نام یافت　　عرش نیز از نامِ او آرام یافت

نورِ او مقصودِ مخلوقات ہست　　اصلِ معدومات و موجودات ہست

بہرِ خویش آں پاک جاں را آفرید　　بہرِ او خلقِ جہاں را آفرید

آفرینش را جز او مقصود نیست　　پاک دامن تر از و موجود نیست

در پناہِ اوست موجودیکہ ہست　　و ز رضائے اوست مقصودیکہ ہست

ماہ از انگشتِ او بشگافتہ　　مہر بر فرمانش از پس تافتہ

کعبہ زو تشریفِ بیت اللہ یافت　　گشت ایمن ہر کہ در وے راہ یافت

جبرئیل از دستِ او شد خرقہ دار　　در لباسِ و جبہ زاں شد آشکار

Marfat.com

عقل را در خلوتِ اُو راہ نیست — علم نیز از وقتِ اُو آگاہ نیست
اُوست سلطان و طفیلِ او ہمہ — اُوست دائم شاہ و خیلِ او ہمہ
ہم پس و ہم پیش از عالم توئی — سابق و آخر بیک جا ہم توئی
خواجگی ہر دو عالم تا ابد — کرد وقفِ احمدِ مرسل احد
یا رسول اللہ! بس درماندہ ام — باد بر کف خاک بر سر ماندہ ام
بیکساں را کس توئی در ہر نفس — من ندارم در دو عالم جز تو کس
یک نظر سوئے منِ غمخوارہ کُن — چارہ کارِ منِ بے چارہ کُن!
دیدۂ جاں را لقائے تو بس ست — ہر دو عالم را رضائے تو بس ست
سبحہ آمدہ فلک معراجِ اُو — انبیاء و اولیاء محتاجِ اُو

ہر دم از ما صد درُود صد سلام
بر رسُول و آل و اصحابش تمام

خواجہ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

نمی دانم چہ منزل بود شب جائیکہ من بودم !

بہر سو رقصِ بسمل بود شب جائیکہ من بودم !

پری پیکر نگارِ سرو قدے لالہ رُخسارے ٭ سراپا آفتِ دل بود شب جائیکہ من بودم

رقیباں گوش بر آواز، او در ناز و من ترساں ٭ سخن گفتن چہ مشکل بود شب جائیکہ من بودم

خدا خود میرِ مجلس بود اندر لامکاں خسروؔ ! ٭ محمدؐ شمعِ محفل بود شب جائیکہ من بودم

(امیر خسروؒ)

نسیما جانبِ بطحا گذر کن !

ز احوالم محمدؐ را خبر کن !

ببر ایں جانِ مشتاقم بہ آنجا ٭ فدائے روضۂ خیر البشر کن

توئی سلطانِ عالم یا محمدؐ ٭ زروئے لطف سوئے من نظر کن

مشرف گرچہ شد جامیؔ ز لطفش ٭ خدایا ! ایں کرم بارِ دگر کن

(مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ)

ندانم کدایں سخن گو مت ٭ کہ والا تری زآنچہ من گو مت،

ترا عزّ لولاک تمکیں بس است ٭ ثنائے تو طٰہٰ و یٰسین بس است

Marfat.com

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو !
شیئاً للہ از جمالِ روئے تو !

عیدگاہِ ما غریباں کوئے تو
انبساطِ عید دیدن روئے تو

ہر چہ آید در دلم غیرے تو نیست
یا توئی یا خوئے تو یا بوئے تو !

کعبۂ جاں قبلۂ من روئے تو
سجدہ گاہِ عاشقاں ابروئے تو

کردہ حیراں نیم بسمل بے شبہ
چشمِ تو، ابروئے تو، گیسوئے تو !

دست بکشا جانبِ زنبیلِ ما
آفریں بر دست و بر بازوئے تو

می نماید معنئ لولاک را !
جلوۂ حسنِ ازل ہر سوئے تو

فی الحقیقت لابدی ضامن علیؒ ✧ گفت خسرو نکتہ دلجوئے تو !

(امیر خسروؒ)

Marfat.com

●

اَج سک متراں دی ودھیری اے — کیوں دلڑی اُداس گھنیری اے؟
لوں لوں وچ شوق چنگیری اے — اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں
اَلطَّیْفُ سَریٰ مِنْ طَلْعَتِہٖ — وَالشَّذُ وُبَدیٰ مِنْ وَّفْرَتِہٖ
فَسَکَرْتُ ھُنَا مِنْ نَظْرَتِہٖ — نیناں دیاں فوجاں سر چڑھیاں
مُکھ چند بدر شعشانی اے — مَتھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زُلف تے اَکھ مستانی اے — مخمور اکھیں ہن مدھ بھریاں
دو ابرو قوس مثال دسن — جیں توں نوکِ مژہ دے تیر چھٹن
لباں سرخ آکھاں کہ لعل یمن — چٹے دند موتی دیاں ہِن لڑیاں
اِس صورت نوں میں جان آکھاں — جانان کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں — جس شان تھیں شاناں سب بنیاں
ایہہ صورت ہے بے صورت تھیں — بے صورت ظاہر صورت تھیں،
بے رنگ دسے اس مورت تھیں — وچ وحدت پھٹیاں جد گھڑیاں
دسے صورت راہ بے صورت دا — توبہ راہ کہ عین حقیقت دا
پر کم نہیں بے سوجھت دا — کوئی ورلیاں موتی لے تریاں
ایہا صورت شالا پیش نظر — رہے وقت نزع تے روزِ حشر
وچ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گذر — سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں

لہ خواب میں اُس کی شکل نظر آئی اور زلفوں سے خوشبو مہکی جس کے مشاہدہ سے میں مدہوش ہوگیا

Marfat.com

يُعْطِيكَ رَبُّكَ داس تساں ‏ فَتَرْضٰى تھیں پوری آس اساں

لجپال کریسی پاس اساں ‏ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ صحیح پڑھیاں

لاہو مکھ توں مخطّط بُرد یمن ‏ من بھانوری جھلک دکھاؤ سجن

اوہا مٹھیاں گالیں الاؤ مٹھن ‏ جو حمرا وادی سن کریاں

حجرے توں مسجد آؤ ڈھولن ‏ نوری جھات دے کارن سارے سکن

دو جگ اکھیاں راہ دا فرش کرن ‏ سب انس و ملک حوراں پریاں

انہاں سکدیاں تے کرلاندیاں تے ‏ لکھ واری صدقے جاندیاں تے

انہاں بردیاں مفت وکاندیاں تے ‏ شالا آون وت بھی اوہ گھڑیاں

سُبْحَانَ اللهِ مَا اَجْمَلَكَ ‏ مَا اَحْسَنَكَ مَا اَكْمَلَكَ

کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا ؛

گستاخ اکھیں کتھے جا اڑیاں!

(مہر منیر)

Marfat.com

نعت شریف

اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانیوالے
میرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے

برستا نہیں دیکھ کر ابر رحمت ؛ بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے
مدینہ کے خطّے خدا تجھ کو رکھے ؛ غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے
تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ ؛ میری چشم عالم سے چھپ جانے والے
میں مجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو ؛ کہ رستے میں ہیں جا بجا تھانے والے
حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا ؛ ارے سر کا موقع ہے او جانے والے
رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا ؛ پڑے خاک جل جائیں جل جانے والے
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں ؛ ہیں دشمن عجب کھانے غرّانے والے

رضاؔ نفس دشمن ہے دم میں نہ آنا!
کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

Marfat.com

حقیقت میں وہ لطفِ زندگی پایا نہیں کرتے
جو یادِ مصطفٰے سے دل کو بہلایا نہیں کرتے

زباں پر شکوۂ رنج و الم لایا نہیں کرتے
نبیؐ کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے

یہ دربارِ محمد ﷺ ہے یہاں ملتا ہے بن مانگے
ارے ناداں! یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے

ارے او نا سمجھ قرباں ہو جا انکی چوکھٹ پر
یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے

یہ ہے دربارِ آقا کا یہاں اپنوں کا کیا کہنا
یہاں سے ہاتھ خالی غیر بھی جایا نہیں کرتے

محمد مصطفٰے کے باغ کے سب پھول ایسے ہیں
جو بن پانی کے تر رہتے ہیں مرجھایا نہیں کرتے

جگہ پائی ہے قسمت سے جنہوں نے کوئے طیبہ میں
وہ چہرے چاند تاروں سے بھی شرمایا نہیں کرتے

جو اُن کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہیں اے حامد
کسی کے سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

(مولانا عبدالحامد بدایونی)

Marfat.com

●

سراجاً مُنیرا نگارِ مدینہ
تجلّیٔ مکّہ بہارِ مدینہ

گرا ہُوں اکیلا میں انبوہِ غم میں ✤ دہائی ہے اے تاجدارِ مدینہ!

مُبارک تجھے نجد اے رُوحِ مجنوں ✤ مَیں سو جان سے ہوں نثارِ مدینہ!

الٰہی دمِ واپسیں سامنے ہو ✤ وُہ محبُوبِ عالم نگارِ مدینہ!

مجھے گردشِ چرخ گو پیس ڈالے ✤ بنُوں پر میں یارب غبارِ مدینہ!

دلِ مُبتلا کے ٹھکانے نہ پوچھو ✤ جوارِ محمّد دیارِ مدینہ!

کہاں باغِ عالم کی بیدم ہوائیں
کہاں وُہ نسیمِ بہارِ مدینہ!

(بیدمؔ وارثی)

✸

Marfat.com

کس نے ذرّوں کو اُٹھایا اور صحرا کر دیا !
کس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا !

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں اُنکے نام پر ٭ اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کر دیا
شوکتِ فغفُور کا کس شخص نے توڑا طلسم ٭ منہدم کس نے الٰہی قصرِ کسریٰ کر دیا
کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا دُرِّ یتیم ٭ اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا
سات پردوں میں چھُپا بیٹھا تھا حُسنِ کائنات ٭ اب کسی نے اس کو عالم آشکارا کر دیا
آدمیّت کا غرض ساماں مہیّا کر دیا ٭ اک عربؐ نے آدمی کا بول بالا کر دیا
کہہ دیا لَا تَقنَطُوا اختؔر کسی نے کان میں ٭ اور دل کو سربسر محوِ تمنّا کر دیا

●

کیا پُوچھتے ہو گرمیٔ بازارِ مصطفےٰؐ !
خود بک رہے ہیں آکے خریدارِ مُصطفےٰؐ !

دل ہے میرا خزینۂ اسرارِ مصطفےٰؐ ٭ آنکھیں ہیں دونوں روزنِ دیوارِ مصطفےٰؐ
پھیلا ہُوا ہے چاروں طرف دامنِ نگاہ ٭ اور لٹ رہی ہے دولتِ دیدارِ مصطفےٰؐ
تفسیرِ مصحفِ رُخ پرنورِ وَالضُّحیٰ ٭ وَالّیل شرحِ گیسوئے خمدارِ مُصطفےٰؐ
نعلین پاسے عرشِ معلّےٰ کو ہے شرف ٭ روح الامینؑ ہیں حاشیہ بردارِ مُصطفےٰؐ
بیدمؔ نہ آؤں جاکے دیارِ رسُولؐ سے ٭ تربت ہو زیرِ سایۂ دیوارِ مُصطفےٰؐ

(بیدمؔ وارثی)

Marfat.com

تمہارا نام لیوا یا شہِ ابرار میں بھی ہوں
کرم مجھ پر بھی فرمانا کہ اک لاچار میں بھی ہوں

ہوا منظور جب تم کو چھپانا عیب اُمّت کا
تو بولی شانِ ستّاری کہ پردہ دار میں بھی ہوں

لبِ بخشش طلب ہلنے سے پہلے بول اُٹھی رحمت
کہ تم چاہو تو بخشوں، فضل پر تیار میں بھی ہوں

خدا نے بیکسوں کا تم کو اک حامی بنایا ہے
خبر لو یا محمدؐ مصطفٰے لاچار میں بھی ہوں

کہوں گا یوں میں جب اُمّت کو لے جائینگے جنّت میں
مجھے بھی ساتھ لو یا احمدؐ مختار لاچار میں بھی ہوں

چلا اے کیفؔ میں جس وقت سوئے ساقیِ کوثرؐ
تو بولی آنکھ اس کی تشنۂ دیدار میں بھی ہوں

Marfat.com

یہ دل کہہ رہا ہے کہ آتا ہے کوئی
مدینہ سے پیغام لاتا ہے کوئی

میری آنکھ میں آ ہی جاتے ہیں آنسو
مدینہ کی جانب جو جاتا ہے کوئی !

صبا جا کے کہیئے محمدؐ محمدؐ
کہ اس نام سے چین پاتا ہے کوئی !

مدینہ کی گلیوں میں ہر ہر قدم پر
جبینِ محبّت جھکاتا ہے کوئی !

کوئی جانِ طیبہ سے بہزاد کہہ دے
بہت ہجر کا غم اُٹھاتا ہے کوئی

(بہزاد لکھنوی)

Marfat.com

نعت شریف

اے احمدِ مُرسل نورِ خدا
تیری ذاتِ صفا کا کیا کہنا

پڑھتے ہیں ملائک صلِّ علیٰ
تیری شانِ عُلیٰ کا کیا کہنا

چہرے پہ ہیں قرباں شمس و قمر
زلفوں پہ تصدّق شام و سحر

رُخساروں پہ ٹھہرے کس کی نظر
تیرے مُنہ کی جلا کا کیا کہنا

سوگند ہے چہرے کی شَمسُ الضُّحیٰ
وَالَّیل ہے تیری زُلف دوتا

سینے کی صفت ہے اَلَمْ نَشْرَح
تیرے دل کی فضا کا کیا کہنا

وَالْعَصر ہے تیرے زماں کی قسم!
وَالْعُمُرُکَ ہے تیری جاں کی قسم

وَالْبَلَدْ ہے تیرے مکاں کی قسم!
تیرے رہنے کی جا کا کیا کہنا!

جبریلؑ رہے بُراق تھکے!
رَف رَف بھی آگے جا نہ سکے

رَبِّ اُدْنُ مِنِّیْ حَبِیْبِیْ کہے
تیرے قُربِ خدا کا کیا کہنا!

کھایا نہ کبھی بھی جی بھر کر
خود بھُوکے رہے باندھے پتھر

اَوروں کو دیا جھولی بھر بھر
تیرے دستِ عطا کا کیا کہنا

سائل جو کبھی در پر آیا!
خالی نہ کبھی اُس کو پھیرا

جو اُس نے مانگا وُہ ہی دیا!
تیرے جُود و سخا کا کیا کہنا

بدبخت جو تھے وُہ نیک ہوئے
لڑتے تھے ہمیشہ جو ایک ہوئے

تو نے جھگڑے سارے میٹ دیئے
تیرے فہم و ذکا کا کیا کہنا

کفّار نے کیا کیا کچھ نہ کیا
پر تُو نے نہ کی کچھ اُن پہ جفا

Marfat.com

رَبِّ اِھْدِ قَوْمِیْ حق سے کہا　　تیرے مہر و وفا کا کیا کہنا
صابر سے کہاں ہو مدح تیری　　تیرے خُلق میں ہے قرآن سبھی

جب تیری ثنا اللہ نے کی
پھر مجھ سے گدا کا کیا کہنا

(مولانا محمد صابر دہلویؒ)

Marfat.com

جو مر گئے ہیں عشقِ شاہِ عالی جاہ میں
زندہ وُہ پھر رہے ہیں ہماری نگاہ میں

یارب یہ التجا ہے تیری بارگاہ میں
دم نکلے ذکرِ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہ میں

مکّے سے جب مدینہ کو شاہِ بحر و بر چلے
کعبے نے دی ندا مجھے ویران کر چلے

جب سیرِ خُلد کیلئے خیر البشر ﷺ چلے
آنکھوں کا فرش کر دیا حُوروں نے راہ میں

آنکھیں خُدا نے بخشی تھیں رونے کیواسطے
داغِ گناہ قوم کے دھونے کے واسطے

اَللہ رے حضورؐ کے سونے کیواسطے
اک بوریا کھجُور کا تھا خوابگاہ میں

خیرُ الامم حضور ﷺ کو کہتے تھے خیرُ سے
یکساں سلوک کرتے تھے اپنے سے غیر سے

اک وُہ کہ ہاتھ باندھے ہوئے جانثار تھے
اک وُہ کہ کنوئیں کھودتے تھے ان کی راہ میں

ہم کل جو یادِ زلفِ محمد ﷺ میں رو دیئے
کوثر میں گویا دفترِ عصیاں ڈبو دیئے

اک کالی کملی والے کے اشکوں نے دھو دیئے
تھے داغ دھبے جو میرے بختِ سیاہ میں

اے نور تجھ کو وردِ درُود وسلام ہے
اے نُور مجھ پہ آتشِ دوزخ حرام ہے

اے نور چشم تر میری کوثر کا جام ہے
یہ آبرو ملی ہے محمد ﷺ کی چاہ میں

جو مر گئے ہیں عشقِ شاہِ عالی جاہ میں
زندہ وہ پھر رہے ہیں ہماری نگاہ میں

Marfat.com

●

دِل دَرد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو
سینے پہ تسلّی کو ترا ہاتھ دھرا ہو

دیکھا انہیں محشر میں تو رحمت نے پکارا !
آزاد ہے جو آپ کے دامن سے بندھا ہو

آتا ہے فقیروں پہ انہیں پیار کچھ ایسا
خود بھیک دیں اور خود کہیں منگتے کا بھلا ہو

ڈھونڈا ہی کریں صدرِ قیامت کے سپاہی
وُہ کِس کو ملے جو ترے دامن میں چھُپا ہو

اِس دَر کی طرف اس لیئے میزاب کا مُنہ ہے
وُہ قبلۂ کونین ہے یہ قبلہ نما ہے !

مٹی نہ ہو برباد مری پسِ مرگ الٰہی !
جب خاک اڑے میری مدینہ کی ہوا ہو

ہر وقت کرم بندہ نوازی پہ تلا ہے !
کچھ کام نہیں اس سے بُرا ہو کہ بھلا ہو !

دے ڈالیئے اپنے لبِ جاں بخش کا صدقہ!
اے چارۂ دل دردِ حسنؔ کی بھی دوا ہو

Marfat.com

میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں

میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں محمدؐ کی چوکھٹ نظر آ رہی ہے
اسی بیخودی میں کہیں کھو نہ جاؤں تڑپ کملی والے کی تڑپا رہی ہے

دو عالم کا داتا میرے سامنے ہے کہ کعبے کا کعبہ میرے سامنے ہے
ادا کیوں نہ فرضِ محبت کروں میں خدا کی خدائی جھکی جا رہی ہے

فقیری کا مجھ میں نہیں ہے سلیقہ نہ آتا ہے کچھ مانگنے کا طریقہ
ادھر بھی نگاہِ کرم یا محمدؐ زمانے کی جھولی بھری جا رہی ہے

فرشتو! سرِ راہ آنکھیں بچھا دو اٹھو بہرِ تعظیم سر کو جھکا دو
خدا کہہ رہا ہے میرے دلربا کی وہ دیکھو سواری چلی آ رہی ہے!

یہ فرمایا حق نے کہ پیارے محمدؐ ہمارے ہو تم ہم تمہارے محمدؐ
ہمیں اپنے جلووں میں اے کملی والے تمہاری ہی صورت نظر آ رہی ہے

یہ جذبہ محبت ہے رحمت خدا کی چوکھٹ مرے سامنے مصطفیٰؐ کی
مجھے کیوں نہ قسمت پہ ہو ناز مسلم محبت کہاں سے کہاں آ رہی ہے

(مسلم)

Marfat.com

●

محمد ﷺ کی صورت پہ قربان جاؤں
وہیں جان دے دوں جہاں دیکھ پاؤں

الٰہی پہنچا دے مدینہ میں مجھ کو
نہ دنیا میں لے کر یہ ارمان جاؤں

نہ آؤں مدینہ سے پھر لوٹ کر میں
خدا سے یہی کر کے پیمان جاؤں

خدا سے یہی ہر گھڑی التجا ہے
کہ دنیا سے بادین وایمان جاؤں

رہے عشق روئے محمد ﷺ کا دل میں
بغل میں لیے ساتھ قرآن جاؤں

دکھائیں نکیرین تربت میں جس دم
شبیہہ محمد ﷺ کو پہچان جاؤں

کہاں نورِ احمد کہاں حسنِ یوسف
جو دل مان جائے تو میں مان جاؤں

Marfat.com

سر روضہ نبیؐ تے دھر دھر کے
ہتھ جوڑاں میں عرضاں کر کر کے

جانواں تیرے اُتوں لکھ وار صدقے
منوں رکھیو نبیؐ جی دِچ قدماں دے
پہنچی ہاں میں مدینہ مُر مُر کے
ہتھ جوڑاں میں عرضاں کر کر کے

کدی پایا نہ دُکھیاں وَل پھیرا
تیرے ہجر وِچ حضرت جیؐ دل میرا
پہنچا وانگ کباب دے سُڑ سُڑ کے
ہتھ جوڑاں میں عرضاں کر کر کے

کی ہووے گا اس کولوں وی بڑھ کے
میرے سوہنے محمدؐ دے دَر تے
جبریلؑ وی آوندا اے ڈر ڈر کے!
ہتھ جوڑاں میں عرضاں کر کر کے

Marfat.com

کون ہویا تیرے خاندان جیہا
تیرے حسنؓ، امام حسینؓ جیہا!

جنّہاں نبی کہائے نیں پھڑ پھڑ کے
ہتھّ جوڑاں میں عرضاں کر کر کے

ہمارے حضور قبلہ عالم کی حضوری میں ایک جمعہ کے موقعہ پر جب یہ نعت شریف پڑھی گئی تو حاضرین کی "ہا و ھو" سے مسجد حاجی پیر بخش صاحبؒ میں ایک شور برپا ہو گیا۔ پیر سید ولایت شاہ صاحبؒ بے ہوش ہو کر منبر سے نیچے آ گرے۔ مولانا محمدؐ یوسف صاحبؒ کی رو رو کر ہچکی بندھ گئی۔

Marfat.com

دِل جس سے زندہ ہے وُہ تمنّا تمہیں تو ہو!
ہم جس میں بس رہے ہیں وُہ دُنیا تمہیں تو ہو!

پھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے
اس نُورِ اوّلیں کا اُجالا تمہیں تو ہو
جلتے ہیں جبرائیل کے پَر جس مقام پر!
اس کی حقیقتوں کے شناسا تمہیں تو ہو
سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اُولیٰ تمہیں تو ہو
اُٹھ اُٹھ کے لے رہا ہے جو پہلو میں چٹکیاں
وہ دَرد دِل میں کر گئے پیدا تمہیں تو ہو

دُنیا میں رحمتِ دو جہاں اور کون ہے؟
اَے تاجدارِ یثرب و بطحا تمہیں تو ہو

(مولانا ظفر علیخاں)

Marfat.com

جوہر عرض وجود خلائق اصل اصول کمالی
اُمّت خیر اُمم دا والی نام محمدؐ عالی

نبی صمی دا سیّد سروَر تے کوثر دا ساقی
جیں حق خاص شفاعت کبریٰ ختم رسل اتفاقی

وچہ اشارے انگل جیں دی شق قمر افلاکی
خیر النّاس عرب دا افصح خواص ہے تریاقی؟

مہر نبوّت نال منقش عظمت صفت اخلاقی
جامع الکلم وِچ حرف زبانی شاہ اسوار براقی

ثاقب نجم قمر تے شمسوں انور گوہر خاکی
جیں دے پاک قدم دی برکت فخر کرے پر تاتی

مظہر فیض اتم یگانہ مطلع صبح ظہوری
اوہ شاہ بیت قصائد عالم جیں وچ خوبی نوری

رحمت عالم سایہ عالی قامت سایوں خالی
خوشبو عرق بدل سر سایہ پاک کتاب نرالی

فتح مبیں کلام فترضیٰ شان نبی دی عالی
تے محمود مقام معلّٰے خاص عطا نرالی

سینہ پاک منور نشرح نور اکھیں مازاغوں
انور اکھیں مہر نبوّت روشن نور چراغوں

شاہ صفیاں پیر ولیاں خاص امام نبیاں
فاتح باب بہشت معلّٰے اتقی وچہ تقیاں

واگاں ول مقصود چلایاں موڑ کوراہوں اونویں
واہ سیّد ثقلین محمدؐ ترگئے عالم دونویں

احسن القصص (مولوی غلام رسول)

رسولؐ خدا سیّد المرسلینؐ
قیامت کے دن شافع المذنبینؐ

نبوّت کی مسند کا ہے جانشیں
عجب روزِ محشر کا سردار ہے
رہِ شرع کا ھادیٔ مستقیم
حبیبِ خدا والیٔ روزگار
شہِ انس وجاں سب کا مقبول ہے
کہ جس واسطے خلق کو پیدا کیا
کہا حق نے لولاک جس کی شان میں
سب اقوام کا ہے وُہی رہنما!

کرے جسکی تعظیم رُوحُ الامیں
صفِ اصفیا میں وُہ سالار ہے
شریعت کے دریا کا دُرِّ یتیم
دو عالم کی اقلیم کا تاجدار
نبوّت کے گلزار کا پھُول ہے!
زمیں آسماں سب ہویدا کیا
شہنشاہ ہے مُلکِ عرفان میں
ہے خیرُ الوری احمدِ مجتبیٰ

عجب ذاتِ مقبولِ کونین ہے
کہ کونین کا قُرّۃ العین ہے

●

خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی
ہم فقیروں کو مدینے کی گلی اچھی لگی

دُور تھے تو زندگی بے رنگ تھی بے کیف تھی
ان کے کوچے میں گئے تو زندگی اچھی لگی!

مَیں نہ جاؤں گا کہیں بھی درِ نبیؐ کا چھوڑ کر
مجھ کو کوئے مصطفےٰ کی چاکری اچھی لگی!

والہانہ ہوگئے جو ان کے قدموں پہ نثار
حق تعالیٰ کو ادا ان کی بڑی اچھی لگی!

مہر و ماہ کی روشنی مانا کہ اچھی ہے مگر!
سبز گنبد کی ہمیں تو روشنی اچھی لگی!

ناز کر تو اے حلیمہؓ سرورِ کونینؐ پر
گر لگی اچھی تو تیری جھونپڑی اچھی لگی!

رکھ دیئے سرکار کے قدموں پہ سلطانوں نے سر
سرورِ کون و مکاں کی سادگی اچھی لگی!

آج محفل میں نیازی نعت جو میں نے پڑھی!
عاشقانِ مصطفےٰ کو وہ بڑی اچھی لگی!

Marfat.com

وُہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مُرادیں غریبوں کی بَر لانے والا :
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وُہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا :
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولا
خطا کار سے درگزر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کا زیر و زبر کرنے والا
قبائل کا شیر و شکر کرنے والا

اُتر کر حرا سے سُوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا
مس خام کو جس نے کُندن بنایا
کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا
پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موجِ بلا کا'
اِدھر سے اُدھر پھر گیا رُخ ہَوا کا'

سبق پھر شریعت کا ان کو پڑھایا
حقیقت کا گُر ان کو اِک اِک بتایا
زمانے کے بگڑے ہوؤں کو بنایا
بہت دن کے سوتے ہوؤں کو جگایا

کھُلے تھے نہ جو راز اب تک جہاں پر
وُہ دکھلا دیئے ایک پردہ اُٹھا کر

سکھائی انہیں نوعِ انساں پہ شفقت
کہا ہے یہ اسلامیوں کی علامت'
کہ ہمسایہ سے رکھتے ہیں وُہ محبت
شب و روز پہنچاتے ہیں انکو راحت

وُہ جو حق سے اپنے لیئے چاہتے ہیں'
وُہی ہر بشر کے لیئے چاہتے ہیں'

Marfat.com

بھر ان کے سینے کو صدق و صفا سے　دیئے پھیر دل ان کے مکر و ریا سے
کیا سرخرو خلق سے اور خدا سے　بچایا انہیں کذب سے افترا سے

رہا قول حق میں نہ کچھ باک ان کو!
بس اک شوب میں کر دیا پاک ان کو!

ادا کر چکی فرض اپنا رسالت　اُمت کو جب مل چکی حق کی نعمت
نبی نے کیا خلق سے قصد رحلت!　رہی حق پہ باقی نہ بندوں کی حجت

تو اسلام کی وارث اک قوم چھوڑی!
کہ دُنیا میں جسکی مثالیں ہیں تھوڑی!

(مولانا الطاف حسین حالی)

Marfat.com

نہ ہم مال و زر اے خدا مانگتے ہیں!
نہ ہستیٔ شوکت نما مانگتے ہیں!
فقط تجھ سے اتنی ہی دعا مانگتے ہیں!
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے در پر قضا مانگتے ہیں!

جو اُن کی محبت میں فانی نہیں ہے
میسّر اُسے زندگانی نہیں ہے
جو فانی ہُوا پھر وہ فانی نہیں ہے
الٰہیؔ ہم ایسی فنا مانگتے ہیں!

یہ سُن کر کہا مصطفٰے نے الٰہیؔ
ہے کہتی میرے گیسوؤں کی سیاہی
گنہگار اُمّت کی کر دے رہائی
یہ گیسو یہی اے خدا مانگتے ہیں

یہ سُنکر خدا نے کہا تو نہ گھبرا محمد صلی اللہ علیہ وسلم!
میرے سامنے عرش پر آ محمد صلی اللہ علیہ وسلم!
جسے چاہے لے بخشوا محمد صلی اللہ علیہ وسلم!
کہ پیارے تیری ہم رضا مانگتے ہیں

Marfat.com

در جان چو کرد منزل جانانِ ما محمد ﷺ
صد در کشاد در دل از جانِ ما محمد ﷺ

ما بلبلیم نالاں در گلستانِ احمد ﷺ
ما لؤلؤیم و مرجان عمانِ ما محمد ﷺ

مستغرق گناہیم ہر چند عذرخواہیم
پژمردہ چوں گیاہیم بارانِ ما محمد ﷺ

از دردِ زخم عصیاں ما را چہ غم چو سازد
از مرہم شفاعت درمانِ ما محمد ﷺ

امروز خونِ عاشق در عشق اگر ہدر شد
فردا از دوست خواہد تاوانِ ما محمد ﷺ

ما طالب خدائیم بر دینِ مصطفائیم
بر درگہش گدائیم سلطانِ ما محمد ﷺ

در باغ و بوستانم دیگر مخواں معینی
باغم بس است قرآں بستانِ ما محمد ﷺ

Marfat.com

شانِ صدیقِ اکبرؓ

یارِ غارِ نبیؐ سیّدُ الاخیارؓ

اوہ دِسدا غم خوار نبیؐ دا۔ اوہ دِسدا
غار دے اندر یار نبیؐ دا۔ اوہ دِسدا

ڈاچی لیکے آیا دَر تے | ہجرت دی تیاری کر کے | چھڈ کے دیس ہویا پردیسی
بکے خدمت گار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

پیاں بھار قدم نہیں لاندا | ثور پہاڑ تے چڑھدا جاندا | صدقے ہو ہو پیا اُٹھاندا
پشت تے بھار بھار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

کیتا فضل خداوند باری | یار نے خوب نبھائی یاری | دے کے پلکاں نال بہاری
صاف چا کیتا غار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

عشق نے کیتا حال فقیراں | دامن کر کے لیراں لیراں | بند سوراخ چا غار دے کیتے
نہیں منظور آزار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

اک سوراخ رہیا سی خالی | اُسدی گنج کرے رکھوالی! | رکھ کے قدم اوہدے تے بیٹھا
ہو کے مست ہنیار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

ڈنگ گیا جاں ناگ تلی نوں | درد ہویا تاں جان جلی نوں | اکھ روواں دا قطرہ ڈھٹھا
گرم ہویا رخسار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

پاک لعاب جاں سرور لایا | اونویں درد دا اثر گنوایا! | ٹھنڈ کلیجے یار نے پائی
دیکھو کیڈا پیار نبیؐ دا | اوہ دِسدا

Marfat.com

ثانی کہہ کے رب وڈیایا لقب اصحاب خدا تھیں پایا ذکر قرآن دے اندر آیا
خاص اس یار غار نبیؐ دا۔ اوہ دسدا

حضر دا ساتھی سفر دا ساتھی خندق احد بدر دا ساتھی قبر دا ساتھی حشر دا ساتھی
کون نکھیڑے یار نبیؐ دا۔ اوہ دسدا

افضل جے اس غار تے جاواں میں نیناں دا فرش بچھاواں جس جا بیٹھے نبی پیارے
نالے عاشق زار نبیؐ دا۔ اوہ دسدا

(محمد عبد اللطیف افضل)

Marfat.com

در شانِ غوثِ پاکؓ

غوثِ اعظمؓ دستگیرِ بے کساں
غوثِ اعظمؓ رہنمائے گمرہاں

غوثِ اعظمؓ بیکسوں کے دادرس
غوثِ اعظمؓ خلق کے فریادرس

غوثِ اعظمؓ گلشنِ زہراؓ کے پھول
غوثِ اعظمؓ قرۃِ عینِ رسول

غوثِ اعظمؓ ڈوبتوں کے ناخدا
غوثِ اعظمؓ محیِ دینِ مصطفےٰ

غوثِ اعظمؓ واقفِ اسرارِ ہُو
غوثِ اعظمؓ سرِّ قدرت مُو بمُو

غوثِ اعظمؓ شہبازِ لامکاں
جن کی نظروں میں زمین و آسماں

غوثِ اعظمؓ صاحبِ ایوان و تخت
جس نے چوروں کو بنایا قطبِ وقت

غوثِ اعظمؓ متقی ہر آن ہیں
چھوڑا ماں کا دودھ بھی رمضان میں

غوثِ اعظمؓ کی نگاہِ لطف سے
نکلے بارہ سال کے ڈوبے ہوئے

غوثِ اعظمؓ اب مدد کی بار ہے
سالکِ خستہ نحیف و زار ہے

(حضرت مفتی احمد یار خاں صاحبؒ نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قصیدہ

پھر دل میں مرے آئی یادِ شہِ جیلانی
پھرنے لگی آنکھوں میں وہ صورتِ نورانی

مقصودِ مریداں ہو اے مرشدِ لاثانی ! ❊ تم قبلۂ دینی ہو تم کعبۂ ایمانی
حسنین کے صدقے میں اب میری خبر لیجے ❊ مدت سے ہوں اے مولا میں وقفِ پریشانی
اب دستِ کرم ہی کچھ کھولے تو گرہ کھولے ❊ آسانی میں مشکل ہے مشکل میں ہے آسانی
شاہوں سے بھی اچھا ہوں کیا جانیے کیا کیا ہوں ❊ ہاتھ آئی ہے قسمت سے در کی ترے دربانی
سوتے ہیں پڑے سکھ سے آزاد ہیں ہر دکھ سے ❊ بندوں کو ترے مولا غم ہے نہ پریشانی

بیدم ہی نہیں اے جاں تنہا ترا سودائی !
عالم ہے ترا شیدا دنیا تری دیوانی !

☆

Marfat.com

پہلی بار غوث الاعظمؓ کی یہ منقبت حضورؒ نے اپنے آستانہ عالیہ پر سماعت فرمائی!

عجب شان تیری یا غوثؓ جلی ہے
کہ آتا ہے گر چور بنتا ولی ہے

ہیں قربان یا قطبُ الاقطاب تیرے
تیرے نام سے ساری آفت ٹلی ہے!

حضوری میں اپنی بُلا غوث اعظمؓ
کہ مرجھا گئی میرے دل کی کلی ہے!

شب و روز ہے وِرد یا غوث اعظمؓ
شگفتہ میرے دل کی ھر دم کلی ہے!

پکاریں جو مشکل میں کیوں کر نہ پہنچیں،
حسنؓ جن کا والد دادا علیؓ ہے!

ہُوئے خاص سُلطاں وہ دونوں جہاں کے
جبیں جس نے در پر تمہارے مَلی ہے

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

إِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ

یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

(سُوْرَۃ الاحزاب ۵۶)

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم

فخرِ رسالت، ہادیٔ اکرم
مہبطِ قرآں، رحمتِ عالم

سب سے مکرّم، سب سے معظّم!
ماہِ منوّر، نیّرِ اعظم

صلی اللہ علیہ وسلم

پیارے پیارے ناموں والا
اچھے اچھے کاموں والا

جنّت کے انعاموں والا
مرسل برحق نازشِ آدم

صلی اللہ علیہ وسلم

جس کی سیرت خُلقِ قرآں
جس کی صورت آیۂ رحماں

راہِ ہُدیٰ کی شمعِ فروزاں
پیکرِ خوبی حُسنِ مجسّم

صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

●

ھو افصح بمقالہٖ، ھو اکمل بنوالہٖ ؎ ھو اعظم بجلالہٖ، ھو افقد بمثالہٖ
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
ھو حَامِدٌ و مُحَمَّدٌ، ھو ماجد و مُجِدٌ ؎ ھو امجدٌ ھو احمدٌ، ھو مرشدٌ ھو راشدٌ
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ،
وُہ بشیر بھی وُہ نذیر بھی، وُہی آپ اپنی نظیر بھی ؎ وہ زمیں پر شاہ و امیر بھی، وہ فلک پر عرش سریر بھی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
وُہ قسیم بھی وہ جسیم بھی، وُہ نسیم بھی وہ وسیم بھی ؎ وُہ رؤف بھی وہ رحیم بھی، وہ خلیل بھی وہ کلیم بھی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
وُہ رفیع اپنے کمال میں، وہ حسین اپنے جمال میں ؎ وُہ عزیز اپنے خصال میں، وُہ فنا خدا کے وِصال میں
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
وُہی ارفع الدرجات بھی، وُہی اکمل البرکات بھی ؎ وہی جامع الحسنات بھی، وہ خدا بھی وصل ذات بھی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ؎ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ؎ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
ہے انہیں کا فیض جہان میں، وُہ نماز میں وہ اذان میں ؎ وہ یگانہ آن شان میں، وُہ گئے فلک پر اک آن میں

Marfat.com

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ٭ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ٭ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

یہ جو قصر سبز رواق ہے، یہ جو چرخ ہفت طباق ہے ٭ یہ انہیں کے قصر کا طاق ہے، یہ انہیں کے زیر براق ہے

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ٭ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ٭ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

وہ ورائے ہفت فلک گئے کہ جہاں نبیؐ ملک گئے ٭ وہ مقام قرب تلک گئے، جو نہاں تھے نور جھلک گئے

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ٭ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ٭ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

انہیں بے حجاب خدا ملا، انہیں مرتبہ یہ بڑا ملا! ٭ انہیں کیا دیا انہیں کیا ملا جو دیا، دیا، جو ملا، ملا

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ٭ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ٭ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

Marfat.com

آئی نسیم کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کھنچنے لگا دل سوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

کعبہ ہمارا کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
مصحف ایماں روئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

لے کے مرادیں آئینگے مر جائینگے مٹ جائینگے!
پہنچیں تا ہم کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

طوبیٰ کی جانب تکنے والو آنکھیں کھولو ہوش سنبھالو
دیکھو قد دلجوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

نام اسی کا باب کرم ہے، دیکھو یہی محراب حرم ہے
دیکھو خم ابروئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہم سب کا رخ سوئے کعبہ، سوئے محمدؐ روئے کعبہ
کعبے کا کعبہ، کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

بھینی بھینی خوشبو مہکی بیدم دل کی دنیا لہکی
کھل گئے جب گیسوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(بیدم وارثی)

Marfat.com

خلق کے سرور شافع محشر صلّی اللہ علیہ وسلّم
مرسلِ داور خاص پیمبر صلّی اللہ علیہ وسلّم

نورِ مجسم، نیّرِ اعظم، سرورِ عالم، مونسِ آدم!
نوح کے ہمدم، خضر کے رہبر صلّی اللہ علیہ وسلّم

فخرِ جہاں ہیں، عرش مکاں ہیں، شاہِ شہاں ہیں، سیف زباں ہیں
سب پہ عیاں ہیں آپ کے جوہر صلّی اللہ علیہ وسلّم

بحرِ سخاوت، کانِ مروّت، آیۂ رحمت، شافعِ امت
مالکِ جنّت، قاسمِ کوثر صلّی اللہ علیہ وسلّم

قبلۂ عالم، کعبۂ اعظم، سب سے مقدم، راز کے محرم
جانِ مجسّم، روحِ مصوّر صلّی اللہ علیہ وسلّم

دولتِ دنیا خاک برابر، ہاتھ سخی تھے دل کے تونگر
مالکِ کشور تخت نہ افسر صلّی اللہ علیہ وسلّم

رہبرِ موسیٰ، ہادیٔ عیسیٰ، تارکِ دنیا مالکِ عقبیٰ
ہاتھ کا تکیہ خاک کا بستر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سروِ خراماں چہرہ گلستاں جبہ تاباں مہرِ درخشاں
سنبلِ پیچاں زلفِ معنبر صلّی اللہ علیہ وسلّم

مہر سے مملو ریشہ ریشہ نعت امیر ہے اپنا پیشہ
وردِ ہمیشہ دن بھر شب بھر صلّی اللہ علیہ وسلّم

(امیر مینائی)

Marfat.com

●

جا کے صبا تو کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
لا کے سونگھا خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

چاک ہے ہجر سے اپنا سینہ، دل میں بسا ہے شہر مدینہ
چشم لگی ہے سوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

رنگ ہے ان کا باغ جہاں میں، انکی مہک ہے خلد و جناں میں
سب میں بسی خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تشنہ دہانو! غم ہے تمہیں کیا، ابر کرم اب جھوم کے برسا
لو وہ کھلے گیسوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

شمس و قمر میں، ارض و فلک میں، جن و بشر میں، حور و ملک میں
سایہ فگن ہے روئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دین کے دشمن ان کو ستائیں، دیتے رہیں سب کو دعائیں
سب سے نرالی خوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہو نہ جمیل قادری مضطر، ہاتھ اٹھا کر حق سے دعا کر
مجھ کو دکھا دے کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم!

Marfat.com

ن

اہلِ زمین و آسمان پیشِ خدائے دو جہاں
روز و شب ایں وظیفہ خواں صلّ علیٰ محمدٍ

راحتِ جان و روح تن مظہرِ خاص ذوالمنن
نگہتِ صد گل چمن صلّ علیٰ محمدٍ

قبلۂ جانِ انس و جاں کعبۂ روح قدسیاں
محرمِ رازِ لامکاں صلّ علیٰ محمدٍ

روح الامین غلامِ تو، عرش بریں مقامِ تو
وصلِ خدا مرامِ تو صلّ علیٰ محمدٍ

ماہ گدائے کوئے تو، مہر فدائے روئے تو
زہرا بہ جستجوئے تو صلّ علیٰ محمدٍ

Marfat.com

مظہرِ شانِ کبریا صلِّ علیٰ محمدؐ!
آئینۂ خدا نما صلِّ علیٰ محمدؐ!

موجبِ نازِ عارفاں، باعثِ فخرِ صادقاں
سرورِ خیلِ انبیا صلِّ علیٰ محمدؐ

مرکزِ عشقِ دل کُشا، مصدرِ حسنِ جانفزا
صورت و سیرتِ خدا صلِّ علیٰ محمدؐ

مونسِ دل شکستگاں، پُشت پناہ خستگاں!
شافعِ عرصۂ جزا صلِّ علیٰ محمدؐ!

حسرتؔ اگر رکھے ہے تو بخشش حق کی آرزو
وردِ زباں رہے سدا صلِّ علیٰ محمدؐ

(مولانا حسرت موہانی)

Marfat.com

تم ظہورِ اولیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ ٭ ہمدمِ جاں آفریں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ
وجہِ قرآنِ مبیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ ٭ نزہتِ بستانِ دیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ
زینتِ خلدِ بریں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ

احمدِ مختار ہو تم یا شہِ ہر دوسرا ٭ ہے تمہارے حکم کے تابع قدر بھی اور قضا
خلق ہیں خواہش سے تم جس امر کو رکھو روا ٭ دیر اک پل درمیاں آوے تو یہ امکان کیا
جس گھڑی چاہو وہیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ!

آپ کے نقشِ قدم سے جو مشرف ہو زمیں ٭ دیکھتا ہے اسکی رفعت رات دن عرشِ بریں
راز تو خلقت کے تم ہی کو کھلے ہیں شاہِ دیں ٭ اور جو کچھ کہ ہیں اسرارِ ربُّ العالمین
سب کے تم برحق امیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ

آپ کا فضل و کرم کونین میں مشہور ہے ٭ اور تمہیں ہر طور سے لطف و کرم منظور ہے
حشر میں گرچہ سزا ملنے کا بھی دستور ہے ٭ کیا ہوا لیکن دل اس امید سے مسرور ہے
تم شفیعُ المذنبیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ

مخبرِ صادق ہو تم اور حضرتِ خیر الوریٰ ٭ سرورِ ہر دوسرا اور شافعِ روزِ جزا
ہے تمہاری ذات والا منبعِ لطف و عطا ٭ کیا نظیر اک اور بھی سب کی مدد کا آسرا
یاں بھی تم واں بھی تمہیں ہو یا محمد ﷺ مصطفیٰ

Marfat.com

تم شہ دنیا و دیں ہو یا محمد مصطفیٰ | سرگروہ مسلمیں ہو یا محمد مصطفیٰ
حاکم دین متیں ہو یا محمد مصطفیٰ | قبلۂ اہل یقیں ہو یا محمد مصطفیٰ
رحمۃ للعالمیں ہو یا محمد مصطفیٰ

آسماں تم سے شب معراج کو روشن ہوا | عرش کرسی کو قدم اپنے سے دی نور و ضیا
رنگ و بو گلشن کی جنت کے بڑھائی برملا | جس جگہ وہم ملائک کو نہیں ملتی ہے جا
واں کے تم مسند نشیں ہو یا محمد مصطفیٰ

ہے تمہاری پشت پر مہر نبوت کا نشاں | اور تمہارا وصف ہے طٰہٰ و یٰسیں میں عیاں
معجزے جو ہیں تمہارے ان کا کب ہووے بیاں | کشور اعجاز جو ہے اسکے تم با عز و شاں
صاحب تاج و نگیں ہو یا محمد مصطفیٰ!

تم کو ختم الانبیاء حق بھی حبیب اپنا کہے | اور سدا روح الامیں آوے ادب سے وحی لیے
جس نبی کو یہ مدارج ہیں ملے تم سے ملے | ہے نبوت کا جو اقدس بحر تم اس بحر کے
گوہر یکتا تمہیں ہو یا محمد مصطفیٰ!

ہیں جو یہ دونوں جہاں کی آفرینش کے چمن | جس میں کیا کیا کچھ عیاں ہیں صنع خالق کے جتن
باعث خلق ان کے ہو تم یا حبیب ذو المنن | اور اک مطلع پڑھوں ہیں من سے جسکے سخن
سو سعادت کے قریں ہو یا محمد مصطفیٰ

Marfat.com

درود اس پر کہ جس کا نام تسکینِ دل و جاں ہے
درود اس پر کہ جسکے خلق کی تفسیر قرآں ہے

درود اس پر کہ جسکی بزم میں قسمت نہیں سوتی
درود اس پر کہ جسکے ذکر سے سیری نہیں ہوتی

درود اس پر تبسّم جس کا گُل کے مسکرانے میں
درود اس پر کہ جس کا فیض ہے سارے زمانے میں

درود اس پر کہ جو تھا صدرِ محفل پاکبازوں میں
درود اس پر کہ جس کا نام لیتے ہیں نمازوں میں

درود اس پر کہ جس کا تذکرہ عینِ عبادت ہے
درود اس پر کہ جسکی زندگی رحمت ہی رحمت ہے

درود اس پر مکینِ گنبدِ خضرا جسے کہیے
درود اس پر شبِ معراج کا دُلہا جسے کہیے

درود اس پر جسے شمعِ شبستانِ ازل کہیے
درود اس پر ابد کی بزم کا جسکو کنول کہیے

درود اس پر بہارِ گلشنِ عالم جسے کہیے!
درود اس ذات پر فخرِ بنی آدم جسے کہیے!

Marfat.com

علیکَ السّلام اے شفیع البرایا!
اُولُوالعزم تجھ سا نہ آئے نہ آیا!

علیکَ السّلام اے امینِ الٰہی، کہا جو خدا نے وُہ تُو نے سُنایا
علیکَ السّلام اے رفیع المدارج کسی نے نہیں تیرے رُتبے کو پایا
علیکَ السّلام اے ستودہ خصائل، فِدا خُلق پر تیرے اپنا پرایا
علیکَ السّلام اے جمیل الشمائل جوّاد و رؤف و کریم السجایا
علیکَ السّلام اے امانِ دو عالم تیرا دامنِ لطف ہے سب پہ چھایا
علیکَ السّلام اے جمالِ معانی نہ تھا تیرے جسمِ مطہر کا سایا
علیکَ السّلام اے محبِّ غریباں تیرے حلم نے بارِ اُمت اُٹھایا
علیکَ السّلام اے تیرا نورِ اقدس ہے سُلطان اور جملہ عالم رعایا
علیکَ السّلام اے تجھے ذاتِ حق نے جو اوّل بنایا تو آخر دکھایا
علیکَ السّلام اے شہنشاہِ وحدت کہ توحید کا تو نے سکّہ بٹھایا
علیکَ السّلام اے طبیبِ نہانی دلوں میں جو تھے روگ سب کو مٹایا

Marfat.com

علیک السلام اے شفائے مجسم — عجب تو نے صحت کا نسخہ پلایا
علیک السلام اے سوارِ سبک رو — کسی نے تیری گردِ راہ کو نہ پایا
علیک السلام اے رسالت پناہی — خدا کا ہمیں تو نے رستہ دکھایا
علیک السلام اے ہدایت کے مرکز — تجھے حق نے انسان کامل بنایا

درود و سلام و صلوٰۃ و تحیت
یہ لایا ہے حامد تحائف ہدایا

Marfat.com

اے نادرۂ دوراں از مات سلام اللہ
اے یوسفِ مصرِ جاں از مات سلام اللہ

اے محرمِ رازِ حق دانستہ حق از مطلق
شک نیست دریں الحق از مات سلام اللہ

اے دارُوئے دردِ دل از تست حل ہمہ مشکل
وے فاضل وے عاقل از مات سلام اللہ

اے آنکہ تو سلطانی وے آنکہ تو خاقانی
اے آنکہ تو چوں جانی از مات سلام اللہ

اے عارفِ دیرینہ وے خازنِ گنجینہ
اے سینہ بے کینہ از مات سلام اللہ

اے راحتِ مشتاقاں وے عیسیٰ غمناکاں
اے مہدئ ہر پاکاں از مات سلام اللہ

اے مہترِ شہبازاں وے شاہ سرافرازاں
اے سرورِ جانبازاں از مات سلام اللہ

اے بختِ سعیدِ من وے دعد و عیدِ من
وے رُوئے تو عیدِ من از مات سلام اللہ

ہم صدق و صفا داری ہم عدل و وفا داری
ہم حلم و حیا داری از مات سلام اللہ

ہم جود و سخا داری ہم لطفِ خدا داری
ہم ملک بقا داری از مات سلام اللہ

در ہجرِ تو می سوزم تاریک شدہ روزم
اے طالعِ فیروزم از مات سلام اللہ

اے نور پسندیدہ وے روشنی دیدہ
احسنت زہے منظر از مات سلام اللہ

اے رحمتِ رحمانی وے نعمتِ یزدانی
اے از دو جہاں برتر از مات سلام اللہ

چوں ماہِ تمام آئی آنگاہ بہ بام آئی
اے ماہ ترا چاکر از مات سلام اللہ

اے شاہدِ بے نقصاں دے رخ ز تو رقصاں
اے ہستی تو در سر از مات سلام اللہ

Marfat.com

سلام اس پر ہوئی جس سے منور بزم امکانی !
سلام اس پر رخ اقدس تھا جس کا شمع نورانی !

سلام اس پر لقب تھا رحمۃ للعالمین جس کا — سلام اس پر کہ خود اک نام نامی تھا امیں جس کا
سلام اس پر کہ ہے ہمدرد مخلص غم نصیبوں کا — سلام اس پر کہ ہے غمخوار مسکینوں غریبوں کا
سلام اس پر کہ خود الفقر فخری جس نے فرمایا — سلام اس پر دلوں کو سوز حق سے جس نے گرمایا
سلام اس پر دیا عدل و اخوت کا سبق جس نے — سلام اس پر سنایا دہر کو پیغام حق جس نے
سلام اس پر عدو پر جس نے رفق و لطف فرمائے — سلام اس پر عوض پتھر کے جس نے پھول برسائے
سلام اس پر جو بن کر رحمت للعالمیں آیا — سلام اس پر جو از سر تا قدم لطف آفریں آیا
سلام اس پر مٹایا جس نے فرق خواجہ و مولا — سلام اس پر اٹھائی جس نے رسم بندہ و آقا
سلام اس پر فقیری میں تھی جسکی شان سلطانی — سلام اس پر شتربانوں کو دی جس نے جہانبانی
سلام اس پر سہے حق کیلئے رنج و محن جس نے — سلام اس پر خدا کی راہ میں چھوڑا وطن جس نے
سلام اس پر صفت والشمس جسکے روئے انور کی — سلام اس پر شبستان جہاں جس نے منور کی
سلام اس پر کہ تھا نور قدم کا پیکر آخر — سلام اس پر کہ تھا حسن ازل کا مظہر آخر
سلام اس پر خدا تھا صاحب عرش بریں جس کا — سلام اس پر جمال افروز تھا روح الامیں جس کا
سلام اس پر ہے جسکی صفت مزمل و یٰسین — سلام اس پر بتائے جسنے دیں کے حکمت و آئیں
سلام اس پہ رگ فطرت کو بخشی زندگی جس نے — سلام اس پر رخ ہستی کو دی تابندگی جس نے
سلام اس پہ کتاب قدس ہے نعت و ثنا جسکی — سلام اس پر زبان وحی ہے مدح و ثنا جس کی
سلام اس پہ ہیں جلوہ گاہیں جسکی مدینہ و بطحا — سلام اس پر کہ جسکی خواب گاہ ہے گنبد خضرا
سلام اس پر جوار پاک جسکی رشک سینا ہے — سلام اس پر دیار محترم جس کا مدینہ ہے

Marfat.com

●

سلام اے آمنہؓ کے لال اے محبوبِ سبحانی
سلام اے فخرِ موجودات فخرِ نوعِ انسانی

سلام اے ظلِّ رحمانی سلام اے نورِ یزدانی
تیرا نقشِ قدم ہے زندگی کی لوحِ پیشانی

سلام اے سِرِّ وحدت اے سراجِ بزمِ ایمانی
زہے یہ عزّت افزائی، زہے تشریف ارزانی

تیرے آنے سے رونق آگئی گلزارِ ہستی میں
شریکِ حال قسمت ہوگیا ہے فضلِ ربّانی

سلام اے صاحبِ خلقِ عظیم انساں کو سکھلا دے
یہی اعمالِ پاکیزہ، یہی اشغالِ روحانی

تیری صورت، تیری سیرت، تیرا نقشہ، تیرا جلوہ
تبسّم، گفتگو، بندہ نوازی، خندہ پیشانی

اگرچہ فقر و فخری رتبہ ہے تیری قناعت کا
مگر قدموں تلے ہے فرِّ کسرائی و خاقانی

زمانہ منتظر ہے اب نئی شیرازہ بندی کا
بہت کچھ ہو چکی اجزائے ہستی کی پریشانی

زمیں کا گوشہ گوشہ نور سے معمور ہو جائے
تیرے پرتو سے مل جائے ہر اک ذرّے کو تابانی

حفیظِ بے نوا بھی ہے گدائے کوچۂ الفت
عقیدت کی جبیں تیری مروّت سے ہے نورانی

تیرا در ہو میرا سر ہو میرا دل ہو تیرا گھر ہو!
تمنّا مختصر سی ہے مگر تمہید طولانی

سلام اے آتشیں زنجیرِ باطل توڑنے والے
سلام اے خاک کے ٹوٹے ہوئے دل جوڑنے والے

حفیظ جالندھری

Marfat.com

محبوبِ کبریا سے میرا سلام کہنا!
سُلطانِ انبیاء سے میرا سلام کہنا!

تجھ پر خُدا کی رحمت اے عازمِ مدینہ نورِ محمّدی سے روشن ہو تیرا سینہ
جب ساحلِ عرب پر پہنچے تیرا سفینہ اس وقت سر جُھکا کر بِاللهِ بافترینہ

عالم کے دِل رُبا سے میرا سلام کہنا!

ساحل پہ آتے آتے موجوں کو چُوم لینا موجوں کے بعد دلکش ذرّوں کو چُوم لینا
اِس پاک سرزمیں کی راہوں کو چُوم لینا پھولوں کو چُوم لینا کانٹوں کو چُوم لینا

پھر نورِ وَالضُّحٰی سے میرا سلام کہنا!

راہِ طلب کی لذّت جب قلب کو مزا دے عشقِ نبیِ مرسل جب رُوح کو جِلا دے
جب سوزِ عاشقانہ جذبات کو جگا دے ہستی کا ذرّہ ذرّہ جب آہ کی صَدا دے

وَالشَّمس کی ضیا سے میرا سلام کہنا!

ہو جانبِ مدینہ جب کارواں روانہ! صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کا لب پہ ہو ترانہ
وردِ زباں ہو جس دم اشعارِ عاشقانہ! جب رحمتِ خدا کا لٹنے لگے خزانہ

پھر نورِ حق نما سے میرا سلام کہنا!

دربارِ مصطفٰے کی حاصل ہو جب حضوری مٹ جائے رنج و کلفت ہو دور فکرِ دُوری
پیشِ نظر ہو جس دم وُہ بارگاہِ نُوری دیدارِ مصطفٰے سے جب آرزو ہو پُوری

محبوبِ کبریا سے میرا سلام کہنا!

روضے کی جالیوں کے جس دم قریب جانا رو رو کے حالِ مسلم سرکار کو سُنانا
بے ساختہ لپٹنا جوشِ جنوں دکھانا سینہ سے بھی لگانا آنکھوں سے بھی لگانا

سلطانِ انبیاء سے میرا سلام کہنا!

Marfat.com

●

یا نبیؐ سلام علیک | یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیب سلام علیک | صلوٰۃ اللہ علیک

بخت کا چمکے ستارہ ٭ حاضری کا ہو اشارہ
دیکھ کر روضہ پیارا ٭ پھر کہے خادم تمہارا

یا نبیؐ سلام علیک | یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیب سلام علیک | صلوٰۃ اللہ علیک!

اے شہنشاہ زمانہ ٭ آپؐ کا یہ آستانہ
رحمتوں کا خزانہ ٭ ہو نگاہ مہربانہ

یا نبیؐ سلام علیک | یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیب سلام علیک | صلوٰۃ اللہ علیک!

تیری آرزو میں جینا ٭ تیری جستجو میں مرنا
یہی میری زندگی ہے ٭ یہی میری بندگی ہے

یا نبیؐ سلام علیک | یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیب سلام علیک | صلوٰۃ اللہ علیک

ہم بھی تیرے در پہ آئیں ٭ حسرتیں دل کی مٹائیں
خاکِ پاء جو تیری پائیں ٭ آنکھ کا سرمہ بنائیں

یا نبیؐ سلام علیک | یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیب سلام علیک | صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

کوئی بھی تجھ سا نہیں ہے ؛ تو صادق تو امین ہے
تو شفیع المذنبین ہے ؛ رحمۃ للعالمین ہے
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

در پہ تیرے یہ جبیں ہے ؛ سامنے منزل حسین ہے!
دل بنا ماہِ مبیں ہے ؛ ایسا در دیکھا نہیں ہے!
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

صدقہ بوبکرؓ و عمرؓ کا ؛ صدقہ عثمانؓ و حیدرؓ کا
فاطمہ زہراؓ کے گھر کا ؛ صدقہ دربارِ اطہر کا
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

یا رسول اللہ حبیبِ ذوالجلال ؛ ختم تیری ذات پر ہے ہر کمال
کوئی دنیا میں نہیں تیری مثال ؛ تجھ پہ کی خالق نے تکمیل جمال
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

طَلَعَ البَدْرُ عَلَیْنَا ؛ مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَیْنَا ؛ مَا دَعٰی لِلّٰہِ دَاعٍ
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

رحمتوں کے تاج والے ⁂ دو جہاں کے راج والے
عرش کی معراج والے ⁂ عاصیوں کی لاج والے
یا نبیؐ سلامٌ علیکَ یا رسُولؐ سلامٌ علیکَ
یا حبیبؐ سلامٌ علیکَ صلوٰۃُ اللہ علیکَ

تیرا سایہ کس کا سایہ! ⁂ تیرا پایہ کس کا پایہ
حق نے عرش پر بُلایا ⁂ سامنے ہو کر سُنایا
یا نبیؐ سلامٌ علیکَ یا رسُولؐ سلامٌ علیکَ
یا حبیبؐ سلامٌ علیکَ صلوٰۃُ اللہ علیکَ

تیرے در کی فقیری ⁂ دونوں عالم کی امیری
آگیا ہے وقت پیری ⁂ لِلّٰہِ کیجیئو دستگیری
یا نبیؐ سلامٌ علیکَ یا رسُولؐ سلامٌ علیکَ
یا حبیبؐ سلامٌ علیکَ صلوٰۃُ اللہ علیکَ

واسطہ آلِ عبا کا ⁂ صدقہ حضرت فاطمہؓ کا
اور شہیدِؓ کربلا کا! ⁂ غم نہ ہو روزِ جزا کا
یا نبیؐ سلامٌ علیکَ یا رسُولؐ سلامٌ علیکَ
یا حبیبؐ سلامٌ علیکَ صلوٰۃُ اللہ علیکَ

از طفیلِ غوثِ اعظمؓ ⁂ بادشاہ ہر دو عالم
صدقۂ امامِ اعظمؓ ⁂ دُور ہوں سبھی کے رنج و غم
یا نبیؐ سلامٌ علیکَ یا رسُولؐ سلامٌ علیکَ
یا حبیبؐ سلامٌ علیکَ صلوٰۃُ اللہ علیکَ!

Marfat.com

اِک اور عرض کریں ہم ؛ میرے مولا جب مریں ہم
کلمہ آپؐ کا پڑھیں ہم ؛ بعد اس کے یہ کہیں ہم

یا نبیؐ سلامُ علیک یا رسولؐ سلامُ علیک
یا حبیبؐ سلامُ علیک صلوٰۃ اللہ علیک

جان کر کافی سہارا ؛ لے لیا ہے در تمہارا
خلق کے وارث خدارا ؛ لو سلام اب تو ہمارا

یا نبیؐ سلامُ علیک یا رسولؐ سلامُ علیک
یا حبیبؐ سلامُ علیک صلوٰۃُ اللہ علیک

آپؐ شاہِ انس و جاں ہیں ؛ وارثِ کون و مکاں ہیں
راہنمائے دو جہاں ہیں ؛ پیشوائے مُرسلاں ہیں

یا نبیؐ سلامُ علیک یا رسولؐ سلامُ علیک
یا حبیبؐ سلامُ علیک صلوٰۃُ اللہ علیک

نُورِ ربّ العالمین ہو ؛ جلوۂ حق الیقین ہو
سرورِ دُنیا و دیں ہو ؛ دل میں آنکھوں میں مکیں ہو

یا نبیؐ سلامُ علیک یا رسولؐ سلامُ علیک
یا حبیبؐ سلامُ علیک صلوٰۃُ اللہ علیک

بادشاہ انبیاء ہو! ؛ نُورِ ذاتِ کبریاء ہو
حامیٔ روزِ جزا ہو! ؛ خلق کے مشکل کشا ہو

یا نبیؐ سلامُ علیک یا رسولؐ سلامُ علیک!
یا حبیبؐ سلامُ علیک صلوٰۃُ اللہ علیک

Marfat.com

اے شہنشاہِ مدینہ ! ٭ نور سے معمور سینہ
مشک سے بہتر پسینہ ! ٭ دیکھ لیں ہم سب مدینہ
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

تمہی ہو محبوب باری ! ٭ لاج رکھ لیجئے ہماری
آس ہے دل میں تمہاری ٭ سنیئے ہماری آہ و زاری
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

لاالہ جو کہے طبیبی ٭ بے نواؤں کے قریبی
آپ پر تو یا حبیبی ٭ ناز کرتی ہے غریبی
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

پوری یا رب یہ دعا کر ٭ ہم درِ مولا پہ جا کر
پہلے کچھ نعتیں سنا کر ٭ پھر پڑھیں سر کو جھکا کر
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

جلتا ہے فرقت میں سینہ ٭ مشکل ہو گیا ہے جینا
پار ہو سب کا سفینہ ٭ دیکھیں ہم سارے مدینہ
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

یا رحیم کر رحیمی! ✣ یا کریم کر کریمی !!!
تو قدیر ہے قدیمی ✣ پوری سب کی کر دعائیں

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

صبا تو مدینے جانا ✣ میرا ماجرا سنانا!
بادشاہ دوجہاناں ✣ تیرا پڑھتا ہے دیوانہ

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

حافظ اپنے ہاتھ اٹھا کر ✣ سب کے حق میں یہ دعا کر
سب پڑھیں روضے پہ جا کر ✣ صلوٰۃ اللہ علیک!

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

السلام اے سبز گنبد کے مکیں ✣ السلام اے رحمت للعالمینؐ!
السلام اے سرورِ دنیا و دیں ✣ السلام اے رحمت للعالمینؐ!
السلام اے گلشن وحدت کے پھول ✣ یہ سلام عاجزانہ ہو قبول
اے خدا کے لاڈلے پیارے رسولؐ ✣ یہ سلام عاجزانہ ہو قبول
دست بستہ ہیں کھڑے حاضر غلام ✣ پیش کرتے ہیں غلامانہ سلام!
تو سخی تیرا سخی دربار ہے ✣ گر کرم کیجیو تو بیڑا پار ہے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

حصّہ سوم

Marfat.com

مناقب

کتھے کر لیئے فضل حُسن اُتے، جتنے شاعراں ہین مضمون بدّھے
پوری یار دے مصحف رُخ والی، لکھی فیروی نئیں تفسیر جاندی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

